# رُوحانی علاج

## (اسماءالحسنٰی سے علاج)

ملک التحریر علامہ محمد یحیٰی انصاری اشرفی

شیخ الاسلام اکیڈمی حیدرآباد

مکتبہ انوارالمصطفٰے 23-2-75/6 مغلپورہ۔ حیدرآباد

Rs. 10



بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

## اسمائے حسنٰی باری تعالیٰ عزوجل

﴿وَلِلّٰهِ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰى فَادۡعُوۡهُ بِهَا﴾
اللہ تعالیٰ ہی کے ہیں بہت اچھے نام، تو اُس کو اُن ناموں سے پکارو۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡمَلِكُ الۡقُدُّوۡسُ السَّلَامُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُهَيۡمِنُ الۡعَزِيۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَكَبِّرُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِيۡمُ الۡغَفَّارُ الۡقَهَّارُ الۡوَهَّابُ الرَّزَّاقُ الۡفَتَّاحُ الۡعَلِيۡمُ الۡقَابِضُ الۡبَاسِطُ الۡخَافِضُ الرَّافِعُ الۡمُعِزُّ الۡمُذِلُّ السَّمِيۡعُ الۡبَصِيۡرُ الۡحَكَمُ الۡعَدۡلُ اللَّطِيۡفُ الۡخَبِيۡرُ الۡحَلِيۡمُ الۡعَظِيۡمُ الۡغَفُوۡرُ الشَّكُوۡرُ الۡعَلِىُّ الۡكَبِيۡرُ الۡحَفِيۡظُ الۡمُقِيۡتُ الۡحَسِيۡبُ الۡجَلِيۡلُ الۡكَرِيۡمُ الرَّقِيۡبُ الۡمُجِيۡبُ الۡوَاسِعُ الۡحَكِيۡمُ الۡوَدُوۡدُ الۡمَجِيۡدُ الۡبَاعِثُ الشَّهِيۡدُ الۡحَقُّ الۡوَكِيۡلُ



الۡقَوِىُّ الۡمَتِيۡنُ الۡوَلِىُّ الۡحَمِيۡدُ الۡمُحۡصِى الۡمُبۡدِئُ الۡمُعِيۡدُ الۡمُحۡيِ الۡمُمِيۡتُ الۡحَىُّ الۡقَيُّوۡمُ الۡوَاجِدُ الۡمَاجِدُ الۡوَاحِدُ الۡاَحَدُ الصَّمَدُ الۡقَادِرُ الۡمُقۡتَدِرُ الۡمُقَدِّمُ الۡمُؤَخِّرُ الۡاَوَّلُ الۡاٰخِرُ الظَّاهِرُ الۡبَاطِنُ الۡوَالِى الۡمُتَعَالِ الۡبِرُّ التَّوَّابُ الۡمُنۡعِمُ الۡمُنۡتَقِمُ الۡعَفُوُّ الرَّءُوۡفُ مَالِكُ الۡمُلۡكِ ذُوالۡجَلَالِ وَالۡاِكۡرَامِ الرَّبُّ الۡمُقۡسِطُ الۡجَامِعُ الۡغَنِىُّ الۡمُغۡنِى الۡمَانِعُ الضَّآرُّ النَّافِعُ النُّوۡرُ الۡهَادِى الۡبَدِيۡعُ الۡبَاقِى الۡوَارِثُ الرَّشِيۡدُ الصَّبُوۡرُ

**الله** : ذات باری کا نام ہے۔ یہ لفظ تمام صفات کا جامع ہے جس نے اللہ کہہ کر پکارلیا اُس نے گویا ساری صفتوں سے پکارا۔ اسم 'اَللّٰه' چونکہ اسم اعظم ہے اس لئے اس کا وِرد تمام اسرار و رموز کا خزانہ ہے ہر قسم کے فیوض و برکات کا منبع ہے شفائے امراض کے لئے **یاالله** کا ہمیشہ ورد کرے۔

### اَلرَّحۡمٰنُ : بڑا مہربان، ہر وقت رحمت کرنے والا

☆ جو شخص **یا رحمن** روزانہ (۱۰۰) مرتبہ پڑھے گا ہر شخص اس پر مہربان ہوگا دنیا کی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ حصول رحمت کے لئے بہت مجرب ہے۔



### اَلرَّحِيۡمُ : رحم والا

☆ 'یارحیم' کا وظیفہ تسخیر قلوب، مصیبت یا دشمن کے خوف سے بچنے، پھلوں میں برکت، سچی محبت کے لئے نہایت آزمودہ ہے۔ جو شخص فجر کی نماز کے بعد ۲۹۸ مرتبہ 'یارحیم' پڑھے گا اللہ تعالیٰ ہر طرح اس پر رحم کرے گا۔

### اَلۡمَلِكُ : بادشاہ، حقیقی اور ہمیشہ تک مالک، سارے جہانوں کا مالک

☆ **یاملك** روزانہ (۱۰۰) مرتبہ پڑھنے سے صفائی قلب حاصل ہوگی دل میں نور پیدا ہوگا مال و دولت کے لئے فجر کی نماز کے بعد ایک سو بیس مرتبہ **یاملك** پڑھا جائے۔ مسلسل پڑھا جائے تو عزت و مرتبہ میں اضافہ ہوگا۔

### اَلۡقُدُّوۡسُ : ہر نقص سے منزہ اور ہر عیب سے پاک

☆ بچوں میں اچھا اخلاق پیدا کرنے، بواسیر، شوگر، بلڈ پریشر، سعادت مند اولاد ہونے، اور موذی امراض سے حفظ ماتقدم بچنے کے لئے **یا مالك یا قدوس** کو روزانہ بعد نماز فجر ۳۳ بار، بعد نماز مغرب ۳۳ بار پڑھتے رہنا بہت مفید ہے۔

### اَلسَّلَامُ : سلامتی دینے والا

ایمان، جان، مال، جائیداد و مکان کی سلامتی، ہر مرض کی کلی شفا، جسمانی

صحت و تندرستی، حصول علم میں آسانی، لڑائی جھگڑے سے نجات اور بے ہوشی کے علاج کے لئے اللہ تعالیٰ کو **یاسلام** سے پکارنے سے سلامتی قائم ہوجائے گی

**اَلْمُؤْمِنُ : امان بخشنے ولا**

☆ اللہ تعالیٰ کی امان میں رہنے کے لئے **یا مؤمن** بہترین وظیفہ ہے۔

**اَلْمُهَيْمِنُ : محافظ، نگہبان، خوف سے امان دینے والا**

☆ جان کی حفاظت، دُنیا کی آفتوں سے حفاظت، مکان کی حفاظت، دشمن سے حفاظت اور حافظہ قوی کرنے کے لئے **یامھیمن** کا وِرد بہت مؤثر ہے۔

**اَلْعَزِيْزُ : عزت والا**

☆ **یا عزیز** (۴۰) دن تک مسلسل بعد نماز فجر (۴۱) مرتبہ پڑھا جائے تو اس کو اللہ تعالیٰ اتنا اعزاز بخشے گا کہ وہ کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

**اَلْجَبَّارُ : عظمت والا**، ٹوٹے دِلوں، شکستہ حالوں کو اپنے فضل وکرم سے جوڑنے والا

☆ ظالم اور دشمن سے نجات کے لئے کثرت سے **یا جبار** صبح وشام پڑھا جائے اللہ تعالیٰ مال و دولت سے نوازے گا عزت و منصب عطا فرمائے گا۔

☆ جادوگروں کے کالے علم کے وار سے بچنے، نفس میں پاکیزگی پیدا کرنے،



شہوت پرستی ختم کرنے کے لئے **یا جبار** بہت اکسیر ہے

**اَلْمُتَكَبِّرُ** : متکبر، تکبر سے بنا جس کا مادہ ہے کبر۔ تکبر کے معنٰی ہیں انتہائی بڑائی، یعنی مخلوق کے خیال وگمان سے وراء۔ بندہ متکبر وہ کہلاتا ہے جو بڑا نہ ہو، اور اپنے کو بڑا جانے یعنی شیخی خور۔ ساری کبریائی اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے۔ **اَلْمُتَكَبِّرُ** وہ جس کی عظمت وکبریائی انتہاء کو پہنچی ہوئی ہو۔ اللہ تعالیٰ کے لئے متکبر ہونا صفت ہے لیکن مخلوق کے لئے یہ مذمت کا سبب ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں: حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ کبریائی میری چادر ہے اور عظمت میری ازار ہے جو ان کو اوڑھنے کی کوشش کرے گا میں اس کی کمر توڑ دوں گا اور اس کو دوزخ میں پھینک دوں گا۔ (بخاری شریف)

☆ **الله اکبر** کو کثرت سے پڑھنا قرب الٰہی کا ذریعہ بنتا ہے، بندے میں خشوع وخضوع پیدا ہوتا ہے، نافرمان اور ظالم مطیع ہوجاتا ہے۔ سونے سے پہلے سو مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھکر سوئے ان شاءاللہ بدخوابی نہ ہوگی اور خواب میں کبھی ڈر نہ آئے گا

☆ جو شخص **یَـا مُتَكَبِّرُ** روزانہ ۶۶۴ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے ہر کام میں برکت ڈال دیتا ہے۔

**اَلْخَالِقُ : بنانے والا، پیدا کرنے والا**



صالح اولاد کے پیدا ہونے، حمل کے استقرار کے لئے **یـا خالق** پڑھے، وظیفہ کے اول آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف، ان شاء اللہ مقاصد میں کامیابی ہوگی۔ **یـا خـالق** کا جامع وظیفہ کثرت سے پڑھنے سے گھر کی خیر و برکت میں اضافہ ہوتا ہے۔ نامہ اعمال میں نیکیوں کا بے پناہ اضافہ ہوجاتا ہے اچھے بندوں کے خصائل پیدا ہوتے ہیں، دل منور اور قلب کی صفائی ہوتی ہے۔ غصہ کی بجائے طبیعت میں عاجزی پیدا ہوجاتی ہے۔

**'يَا خَالِقُ تَخَلَّقْتَ بِالْخَلْقِ وَالْخَلْقُ فِىْ خَلْقِ خَلْقِكَ يَاخَالِقُ'**

**اَلْبَارِئُ : پیدا کرنے والا، اندازے کو اور تجویز کو عملی جامہ پہنانے والا۔**

☆ **یا باری** شوگر اور فالج کے روحانی علاج کے لئے بہت مفید ہے

☆ **يَـا بَارِئ** کا جامع وظیفہ : یہ وظیفہ قضائے حاجات، مشکل سے مشکل کام کو حل کرنے، جادو کے اثرات ختم کرنے، برص اور جذام کی بیماری سے خلاصی پانے کے لئے بہت مجرب ہے۔ جو شخص اسے روزانہ ۱۲ ہزار مرتبہ سات دن تک پڑھے گا، اسے تمام فوائد حاصل ہوں گے اور اس اسم کے فیوض و برکات ظاہر ہوں گے۔ **يَا بَارِئُ النُّفُوْسِ بِلَامِثَالٍ خَلَامِنْ غَيْرِهٖ يَابَارِئُ**

**اَلْمُصَوِّرُ : ہر ایک کو صورت دینے والا**



☆ بانجھ عورت کو چاہئے کہ سات دن روزہ رکھے افطار کے وقت اکیس مرتبہ **يَا مُصَوِّرُ** پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اسی پانی سے افطار کرے ان شاءاللہ حمل قرار پائے گا اور فرزند صالح پیدا ہوگا۔ حمل ٹھہرنے کے بعد **يَـا حَـيُّ يَاحَافِظُ يَامُصَوِّرُ** ۴۰ دن تک روزانہ ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔

**اَلْغَفَّارُ : بڑا بخشنے والا**

☆ نماز جمعہ کے بعد جو شخص **یـا غـفار** ایک سو مرتبہ پڑھے تو مقبولوں میں شامل ہوگا، تنگی ختم ہوگی، بے حساب رزق ملے گا، گناہوں سے بچنے کی توفیق ملتی رہتی ہے۔ اگر **يَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِىْ ذُنُوْبِىْ** پڑھا جائے تو مزید فوائد حاصل ہوں گے۔

**اَلْقَهَّارُ : غلبے والا**

☆ '**یـاقھار**' کا وِرد جادو کے اثرات ختم کرنے کے لئے بھی بہت اکسیر ہے۔

☆ اگر کوئی دشمنِ دین بہت تنگ کرتا ہو تو بعد نماز عصر گیارہ روز تک ۴۱۰۰ مرتبہ روزانہ **یاجبار یاقھار** پڑھیں تو ان شاءاللہ دشمن زیر ہوجائے گا۔

**اَلْوَهَّابُ : بہت دینے والا**

☆ اگر کوئی تنگ دست ہو تو نماز چاشت کے آخری سجدے میں **یـا وھاب** ۴۰ مرتبہ ۲۱ دن تک پڑھے، فقر و فاقہ دور ہوگا، رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔

☆ اگر کسی شخص کی لڑکی یا لڑکے کی شادی صرف مال نہ ہونے کی وجہ سے رُکی ہو تو ۴۰ دن تک **یاوھاب یارزاق** ۳۱۲۵ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے اور ہر روز وظیفہ کے بعد ۳۳ مرتبہ استغفار پڑھے اس کے بعد سجدے میں سر رکھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنی مالی مشکل کو حل کرنے کی دُعا کرے۔ کم از کم تین چلے اسی طرح کرے ان شاء اللہ حصول مال کا فوری طور پر کوئی ذریعہ بن جائے گا۔

☆ حصول ملازمت یا روزگار کے لئے **یا وھاب** پڑھے۔

## اَلرَّزَّاقُ: روزی پہنچانے والا

ان تمام آیات کو نمازِ جمعہ کے بعد اگر (۴۰) مرتبہ پڑھ لیا جائے تو رزق میں اضافہ ہوگا اور کاروبار میں زبردست خیر و برکت ہوگی۔ ہر نماز کے بعد بھی بکثرت پڑھیں۔

**﴿اِنَّ اللّٰہَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ﴾** (آل عمران/ ۳۷) بیشک اللہ جسے چاہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ (اول و آخر تین مرتبہ دُرود شریف)

**﴿اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ﴾** (ذاریات/ ۵۸) بیشک اللہ ہی بڑا رزق دینے والا' قوت دینے والا' قدرت والا ہے۔

**﴿وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ﴾** (طلاق/۳) اور جو اللہ سے ڈرے اللہ اُس کے لئے نجات کی راہ پیدا کردے



گا اور اُس کو روزی دے گا جہاں سے اُس کا گمان بھی نہ ہو۔

**اَلْفَتَّاحُ**: فیصلہ کرنے والا' اپنی رحمت کے دروازے اپنی مخلوق پر کھولنے والا۔

☆ جو شخص **یـا فتـاح** بعد نماز فجر سینے پر دونوں ہاتھ رکھ کر ستر مرتبہ پڑھے تو اس کا دل نور ایمان سے منور ہوگا اور اس کی قسمت کھل جائے گی۔

☆ ہر کام میں آسانی' رُکی ہوئی شادی کے حل' قید سے خلاصی اور فتح و نصرت کے لئے **یا فتاح** کا وِرد بہت فائدہ مند ہے۔

## اَلْعَلِیْمُ: جاننے والا

☆ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ **یـاعـلیم** پڑھا جائے۔ قوت حافظہ کے لئے **﴿رب زدنی علما﴾** کا وِرد کرنا چاہئے۔ علم میں اضافہ کے لئے یہ دُعا بہت مؤثر ہے۔

☆ **﴿اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا﴾** بے شک اللہ تعالیٰ ہر شئے کا جاننے والا ہے۔ جو شخص یہ آیت کثرت سے پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے خزانہ علم سے سرفراز فرماتا ہے۔ یہ آیت استخارہ اور اسرار مخفی کے لئے مخصوص ہے لہٰذا جو شخص بھی کسی کام کے بارے میں جاننا چاہے کہ وہ ہوگا کہ نہیں؟ تجارت میں نفع ہوگا یا نقصان؟ کسی کے ساتھ شرکت مفید رہے گی کہ نہیں؟ سفر بخیریت ہوگا کہ نہیں؟ جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب کو تہجد کے وقت دو رکعت نفل پڑھے



اس کے بعد گیارہ سو مرتبہ **﴿اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا﴾** پڑھے اس کے بعد بستر پر جائے اور وِرد جاری رکھے یہاں تک کہ سو جائے ان شاء اللہ خواب میں بتایا جائے گا اور جو کچھ معلوم ہوگا ان شآء اللہ ویسا ہی ہوگا۔

☆ **﴿اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ﴾** بے شک تو چھپی باتوں کا جاننے والا ہے۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو' یا بچہ گم ہونے کی صورت میں اس آیت کا روزانہ (۱۱۰۰) مرتبہ وِرد کرے ان شآء اللہ گمشدہ چیز اور بچہ ضرور مل جائے گا یا اس کے بارے میں اشارہ غیبی سے معلومات حاصل ہوجائیں گی۔

## اَلْقَابِضُ: تنگی کرنے والا' جس سے جو چاہے چھین لینے والا

☆ **یـا قـابض** کا وظیفہ جادو' جنات' آسیب اور بلاؤں سے بچنے' رزق میں کشادگی' دشمن کو دشمنی سے روکنے کے لئے' درد' چوٹ' زخم کی تکلیف محسوس نہ ہونے کے لئے بہت مؤثر ہے۔

## اَلْبَاسِطُ: کشادہ کرنے والا' کھولنے والا' فراخی دینے والا

☆ یہ وظیفہ اضافہ رزق کے لئے بہت مؤثر ہے **یَـا بَـاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ** اے کشادہ کرنے والے۔ رزق کو کشادہ کردے جتنا تو چاہے بغیر حساب کے۔



## اَلْخَافِضُ: پست و نیچا کرنے والا

☆ **یاخافض** کا وِرد نفسانی خواہشات کو پست کر کے روحانیت میں بلندی پیدا کردیتا ہے۔ **یا خافض** دشمن کو پست کرنے کے لئے بہت اکسیر ہے۔

## اَلرَّافِعُ: بلند کرنے والا

☆'**یا رافع** پڑھنے سے اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں بلند درجات عطا فرمائے گا' روز بروز مخلوق میں اس کی عزت بڑھتی جائے گی آفت و بلا سے بھی محفوظ رہے گا۔ ملازمت میں ترقی ہوگی' شہرت و عزت میں اضافہ ہوگا' حاکم کی نظر میں عزت پائے گا' راہ سلوک میں رفعت حاصل ہوگی۔ امتحان میں کامیابی کے لئے بہت مجرب ہے۔

## اَلْمُعِزُّ: عزت دینے والا

☆ جو اللہ تعالیٰ کو **یـا معز** کہہ کر پکارتا ہے اللہ تعالیٰ اسے ہمیشہ کے لئے معزز کردیتا ہے۔ خاندان میں ہمیشہ باعزت رہنے کے لئے **یا معز** پڑھتے رہے

## اَلْمُذِلُّ: ذلت دینے والا

یہ وظیفہ جنات' دشمن' ظالم اور زیادتی کرنے والے کو زیر کرنے کے لئے بہت مجرب ہے۔ ۲۱ دن تک ۷۰۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھے: **یَـا مُذِلُّ کُلِّ جَبَّارٍ**

**عَنِيْدٍ بِقَهْرِ عَزِيْزٍ سُلْطَانِهٖ يَامُذِلُّ** (ہر جابر کو قہر سے ذلیل کرنے والے' غالب ہے غلبہ اس کا' اے ذلیل کرنے والے) **يَامُذِلّ** بھی پڑھتے رہیں۔

## اَلسَّمِيْعُ: سننے والا

☆ دُعاؤں کی قبولیت کے لئے **یا سمیع** (۵۰۰) مرتبہ پڑھا جائے۔ اگر ہمیشہ اس کا وردر کھے تو مستجاب الدعوات ہوگا یعنی اس کی دُعائیں قبول ہوں گی۔

☆ ہر جائز دُعا کے قبول ہونے' کان کے درد کے علاج کے لئے' بہرہ ہونے سے بچنے کے لئے' بواسیر کے روحانی علاج کے لئے اور حاجت پوری ہونے کے لئے پڑھیں: ﴿**هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ**﴾ رفع حاجت کے لے بہت مؤثر ہے۔

## اَلْبَصِيْرُ: دیکھنے والا

﴿**اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعاً بَصِيْرًا**﴾ بے شک اللہ تعالیٰ سُننے والا' دیکھنے والا ہے۔ جو شخص یہ آیت پڑھے ان شآء اللہ اس کی ہر دُعا قبول ہوگی۔ اس وِرد سے دل میں نورانیت بھی پیدا ہوتی ہے اس مقصد کے لئے بعد نماز جمعہ اس آیت کو دوسو مرتبہ پڑھنا چاہئے اور اگر کوئی شخص اسے روزانہ فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان پڑھے تو ان شآء اللہ اس پر اللہ تعالیٰ کی خصوصی عنایت کے دروازے کھل جائیں گے

☆ صاحب بصیرت بننے کے لئے **یا بصیر** کا وِرد بہت مجرب ہے۔



ناگہانی آفت سے محفوظ رہنے' مکاشفات سے مشرف ہونے' سفید موتیے سے بچنے کے لئے' آنکھوں کی بینائی قائم رہنے کے لئے **یا بصیر** کا وِرد بہت بہتر ہے

## اَلْحَكَمُ: فیصلہ کرنے والا

☆ سخت مہم درپیش ہو تو '**یا حکم**' کا ورد کرے ان شآء اللہ ہر مشکل آسان ہوگی اور ہر نیک کام میں کامیابی ہوگی۔ کشف والہام کی بھی قدرت پیدا ہوگی۔

☆ حاکم بننے کے لئے' سچے فیصلے کرنے کے لئے' اللہ تعالیٰ کی حکمتوں کا مشاہدہ کرنے کے لئے' مشکلات کو سلجھانے کے لئے اور لوگوں میں صاحب اثر بننے کے لئے '**یا حکم**' کا کثرت سے ورد کریں۔

## اَلْعَدَلُ: انصاف کرنے والا' ایسا عادل کہ کسی پر کسی طرح ظلم نہیں۔

اللہ تعالیٰ کفار پر عدل فرمائے گا۔ مومن گنہگار پر عدل نہ کرے گا بلکہ فضل وکرم کرے گا۔ مومن کے لئے رحیم ہے۔

☆ طبیعت میں انصاف پسندی پیدا کرنے' مثالی جج بننے کے لئے' اپیل میں کامیابی کے لئے' دوسروں کو مسخر اور تابعدار رکھنے کے لئے' ظالم کے لئے بددُعا کرنے کے لئے '**یاعدل**' کثرت سے روزانہ پڑھتے رہے تو اس سے ہر کام کا عدل پر مبنی سرانجام ہوگا اور اللہ تعالیٰ اُسے عدل کرنے کی بے پناہ توفیق دے گا۔



## اَللَّطِيْفُ: بڑا باریک بین

☆ یہ اسم اچھی اور پسند کی شادی کے لئے بہت مجرب ہے اچھا رشتہ ملنا خوش بختی کی دلیل ہے کیونکہ بے شمار لوگ شادی کے مسئلے میں پریشان ہوتے ہیں۔ اس پریشانی کا حل '**یالطیف**' ہے۔

اگر یہ اسم باوضو (۱۰۰) مرتبہ پڑھا جائے تو دِلی مراد پوری ہوگی' کنواری لڑکی کی شادی کے لئے اس کا وظیفہ بے حد مجرب ہے۔ مسلسل ۲۱ دن تک بعد نماز عشاء باوضو '**یالطیف**' پڑھا جائے اول آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

☆ ﴿**اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ**﴾ بے شک اللہ تعالیٰ لطیف وخبیر ہے۔

اللہ تعالیٰ کا لطف وکرم حاصل کرنے کی یہ خاص دُعا ہے۔ جو شخص ملازمت یا روزگار سے محروم ہو' فقروفاقہ میں مبتلا ہو' غربت پریشان کرتی ہو یا بیماری تنگ کرتی ہو یا اولاد کی شادی کا ذریعہ نہ بنتا ہو تو اس آیت کا ورد بہت مفید ہے جو اس آیت کو روزانہ سو مرتبہ پڑھے گا ان شآء اللہ ہر کام جلد سیدھا ہو جائے گا۔

لاعلاج بیماری کا حل: ایسی لاعلاج بیماری جو انسان کا پیچھا نہ چھوڑتی ہو اس میں '**یالطیف**' کو (۱۱) دن تک روزانہ (۱۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں اور پانی دم کر کے مریض کو روزانہ پلائیں ان شآء اللہ مریض شفایاب ہوگا۔



## اَلْخَبِيْرُ: خبر رکھنے والا

☆ **یا خبیر** کے ذکر سے دل اپنی برائیوں سے باخبر ہو کر انہیں ختم کرنے کے درپے ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ برائیوں سے بچنے کی توفیق عطا فرما دیتا ہے۔

☆ جو شخص **یا خبیر** (۷) دن تک پڑھے گا وہ مومن کی فراست سے نوازا جائے گا' نفس کے شر سے رہائی پائے گا' اگر کسی مشکل میں ہوگا تو اس سے نجات پائے گا۔

☆ ﴿**اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْماً خَبِيْرًا**﴾ بے شک اللہ تعالیٰ جاننے والا خبر رکھنے والا ہے۔ جو اُسے علیم اور خبیر کہے وہ اُس پر علم ومعرفت کے دروازے کھول دیتا ہے۔ **يَاعَلِيْمُ عَلِّمْنِىْ يَاخَبِيْرُ اَخْبِرْنِىْ**

☆ اسرار کے انکشاف کے لئے' مریض کا مرض معلوم کرنے کے لئے' رشتہ اچھا رہے گا یا بُرا جاننے کے لئے' کاروبار میں نفع ہوگا یا نقصان جاننے کے لئے '**یاخبیر**' کو سات دن تک گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں ان شآء اللہ جو بات دل میں ہوگی اللہ تعالیٰ اس کے متعلق آگاہ کر دے گا۔

## اَلْحَلِيْمُ: بُردبار

جو شخص اللہ تعالیٰ کو **یا حلیم** کہہ کر پکارتا ہے اللہ تعالیٰ اس میں بھی حلم پیدا فرما دیتا ہے۔ بداخلاقی کے علاج' ندامت سے بچنے' ہر کام میں اللہ تعالیٰ

کی مدد کے لئے' مرض کی شدت میں کمی کے لئے **یا حلیم** پڑھتے رہیں۔

**اَلْعَظِيْمُ** : بزرگ' ایسی عظمت والا کہ کسی کا گمان و وہم وہاں کام نہ کر سکے۔

☆ جو شخص اللہ تعالیٰ کو اس صفت سے **یاعظیم** کہہ کر پکارتا ہے وہ اُسے بھی عظیم کر دیتا ہے۔ عزت' دولت' صحت' آفتوں سے نجات اور بیماری سے شفا کے لئے **یاعظیم** بارہ مرتبہ کسی بھی نماز کے بعد پڑھیں اور ایک ہفتہ تک **وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ** کا وِرد بھی رکھیں۔

☆ ہر ایک کی نظر میں قابل تعظیم بننے کے لئے' فضل دارین کے حصول کے لئے' مال سے متعلق ہر مشکل کے حل کے لئے' ہمیشہ صاحب اقتدار رہنے' غم اور بے چینی سے نجات کے لئے یہ کلمات پڑھے' سب مشکلات آسان ہو جائیں گی وہ کلمات یہ ہیں: **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ ' لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ' لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمُ**

**اَلْغَفُوْرُ** : گناہ مٹانے والا

گنہ رضا کا حساب کیا وہ اگرچہ لاکھوں سے ہیں سوا
مگر اے عفو تیرے عفو کا حساب ہے نہ شمار ہے

☆ ﴿**وھوالرحیم الغفور**﴾ اور وہی ہمیشہ رحم فرمانے والا بہت بخشنے والا ہے



☆ ﴿**ان اللہ عزیز غفور**﴾ بیشک اللہ تعالیٰ سب پر غالب' بہت بخشنے والا ہے

☆ ﴿**ان اللہ غفور شکور**﴾ بے شک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا بڑا قدر دان ہے

☆ ﴿**اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ**﴾ بے شک اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔

☆ ﴿**اِنَّهٗ هُوَالْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ**﴾ بے شک وہی بخشنے والا مہربان ہے۔

اپنے گناہوں کی بخشش اور معافی کے لئے ان قرآنی آیات اور **یاغفور** کا وِرد بہت اکسیر ہے۔

☆ غم اور صدمے کے علاج کے لئے' مالی تنگی کے حل' ہر حاجت پوری ہونے' طویل بیماری سے نجات' کوئی شدید قسم کا صدمہ دُور کرنے اور لوگوں کو توبہ اور استغفار کی طرف مائل کرنے کے لئے **یا غفور** بہت مؤثر ہے۔

**اَلشَّكُوْرُ** : صلہ دینے والا

☆ اگر آنکھوں میں روشنی کم ہو گئی ہو تو **یاشکور** (۴۱) مرتبہ پانی پر پڑھ کر آنکھوں پر ملا جائے تو نگاہ ٹھیک ہو جائے گی اگر کسی رنج و غم میں مبتلا ہو یا معاش میں تنگی ہو تو روزانہ (۴۱) مرتبہ بعد نمازِ فجر (۲۱) روز تک پڑھیں۔

☆ جو شخص اللہ تعالیٰ کو '**یاشکور**' پکارے گا وہ صحیح معنوں میں شکر یہ ادا کرنے والے صالحین اور عابدین سے بن جائے گا۔



**اَلْعَلِيُّ** : بلندی والا

☆ عزت و حرمت کی بلندی' بیوی کو تابع کرنے' شادی کا پیغام آنے' ہر ایک پر فوقیت کے لئے '**یَاعَلِيُّ**' روزانہ پڑھے تو وہ خلقت کی نظر میں عزیز ہو جائے گا اور اگر ادنیٰ ہو تو اعلیٰ مرتبے پر فائز ہو گا اگر غریب ہو تو مالدار ہو جائے گا۔ بڑے لوگوں کا تقرب حاصل ہو گا' غرضیکہ اُسے ہر لحاظ سے فوقیت حاصل ہو گی۔

**اَلْكَبِيْرُ** : سب سے عالی مرتبہ

☆ جو شخص '**یاکبیر**' کو ہمیشہ بعد نماز سات مرتبہ پڑھ لیا کرے وہ ہر دشمن سے محفوظ رہے گا' ہر بلا اور آفت اُس سے دُور ہو گی۔ اگر کوئی زہریلا جانور کاٹ لے تو زہر اثر نہ کرے گا۔

یا کبیر کا جامع وظیفہ: یہ وظیفہ قضائے حاجات' ادائے قرض' اقتدار قائم رکھنے' ہمیشہ باعزت رہنے' دوسروں کو مطیع اور فرمانبردار کرنے' عہدے پر برقرار رہنے اور اپنے تسلط کو ہمیشہ کے لئے قائم رکھنے کے لئے بہت لاجواب ہے۔ جو شخص یہ فوائد حاصل کرنا چاہے تو اُسے چاہیے کہ اس وظیفہ کو ۳۱۲۵ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھے ان شآءاللہ یہ تمام فوائد بڑے احسن طریقے سے حاصل ہوں گے:

**يَاكَبِيْرُ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَاتَهْتَدِى الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِهٖ يَاكَبِيْرُ**



اے کبیر تو وہ ہے کہ تیری عظمت کے اوصاف تک عقل نہیں پہنچ سکتی۔ اے سب سے بزرگی والے

**اَلْحَفِيْظُ** نگہبان' حفاظت فرمانے والا

﴿**فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ**﴾ (یوسف) اللہ ہی سب سے بہتر نگہبان ہے اور وہ سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔

ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ اس آیت کو پڑھیں اور اپنے سینے پر دَم کریں۔ رات کو سوتے وقت سات مرتبہ اپنے گھر کے دروازے پر دم کر دیں ان شآءاللہ چوری' آسیب' طاعون' زہریلے جانوروں وغیرہ سے حفاظت رہے گی۔

☆ اللہ کی حفاظت میں رہنے' حادثات سے محفوظ رہنے' مال واسباب کو گم ہونے سے بچانے' وبائی امراض سے بچنے کے لئے '**یاحفیظ**' روزانہ پڑھے۔

**اَلْمُقِيْتُ** : روزی دینے والا

☆ **یامقیت** بچوں کی ضد کو ختم کرنے کے لئے بہت اکسیر ہے۔ اس لئے اگر کسی کا بچہ ضد کرتا ہو اور روتا ہو تو اُسے چاہیے کہ ایک پیالہ لے کر اس میں پانی ڈال کر اس پر '**یامقیت**' ۵۵۰ مرتبہ پڑھے اور بچے کو پلائے۔ سات روز تک اسی طرح کرے ان شآءاللہ بچہ ضد چھوڑ دے گا اور خوش و خرم رہنے لگے گا۔

☆ **یامقیت** جسمانی کمزوری اور گیس کا علاج ہے۔

**اَلْحَسِیْبُ : کفایت کرنے والا**

☆ سوتے وقت روزانہ **یــاحسیب** ستر مرتبہ پڑھا جائے تو دشمنوں کی دشمنی' چوروں کے خوف' ہمسایہ کی بدی یہ تمام مقاصد سات دن کے وظیفہ سے حاصل ہو جائیں گے۔ یہ وظیفہ جمعرات کو شروع کیا جائے اس دوران **حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ** اُٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پڑھتے رہیں ہر مشکل سے نجات ہوگی۔

**اَلْجَلِیْلُ : بزرگی والا' جلالت والا**

☆ جو شخص نماز کے بعد **یــا جلیل** بکثرت پڑھتا رہے تو لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت پیدا ہوگی اور لوگوں میں صاحبِ عزت ہوگا۔

یا جلیل کا مفصل وظیفہ : (۴۰) دن تک اس وظیفے کو پڑھے ان شآء اللہ دلی مرادیں پوری ہوں گی' ہر جائز کام ہوگا' ضرورت کے مطابق دولت حاصل ہوگی' ہمیشہ باعزت رہے گا اور ہر دوست اور دشمن پر غالب رہے گا۔ وظیفہ یہ ہے:

**یَاجَلِیْلُ الْمُتَكَبِّرُ عَنْ كُلِّ شَیْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُهٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُهٗ یَاجَلِیْلُ**

**اَلْكَرِیْمُ : کرم کرنے والا**

☆ جو شخص **یا کریم** کثرت سے پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اسے کریم النفس کر دیتا ہے نیک اخلاق اور نیک مزاج کر دیتا ہے۔ ہر حاجت پوری ہونے' زبان میں



مستجاب الدعوات کی تاثیر پیدا کرنے' تنگ دستی اور افلاس کے خاتمہ کے لئے' بخل کے علاج کے لئے **یا کریم** کا وظیفہ بہت مفید ہے۔

☆ عزت وکرامت کے لئے **یــا کریم** بےحد مجرب ہے سوتے وقت اس کو پڑھتے پڑھتے سو جائیں بہت جلد اثر ہوگا۔ بعض صوفیا نے کہا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اس اسم کے عامل تھے اس وجہ سے اُن کو کرم اللہ وجہہ کا خطاب ملا۔

یا کریم کا جامع وظیفہ: یہ وظیفہ گناہوں سے معافی' آخرت میں نجات اور عذاب قبر سے بچنے کے لئے بہت مؤثر ہے (۱۰۵) دن تک بلاناغہ پڑھیں۔ اگر کوئی نقصان پہنچانے کے درپے ہو تو اس وظیفہ کو ۴۰ دن تک ۲۰۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھیں ان شآءاللہ' اللہ تعالیٰ کی پناہ میں رہیں گے اور دشمن ذرہ بھر بھی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ ' **یَاكَرِیْمَ الْعَفْوِ ذَا الْعَدْلِ اَنْتَ الَّذِیْ مَلَاَ كُلَّ شَیْءٍ عَدْلُهٗ یَاكَرِیْمُ** ' (اے درگزر کرنے والے کریم! اے عدل والے! تو نے ہر چیز کو اپنے عدل سے بھر دیا ہے اے کرم والے)

**اَلرَّقِیْبُ : نگہبان**

☆ جو شخص '**یــا رقیــب**' کی مداومت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اپنے نفس کی نگہبانی کی توفیق عطا فرماتا ہے۔



☆ **﴿وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ رَّقِیْبًا﴾** اور اللہ ہر چیز پر نگہبان ہے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت کی ایک صورت نگہبانی ہے لہٰذا جو اللہ تعالیٰ کی نگہبانی میں آ جائے تو وہ شیطانی شر سے محفوظ ہو جاتا ہے اور اسے نقصان یا تکلیف پہنچنے کا گمان ختم ہو جاتا ہے لہٰذا جو شخص یہ چاہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی نگہبانی میں رہے تو اُسے چاہئے کہ اس آیت کو صبح اٹھتے ہی پانچ مرتبہ اور سوتے وقت پانچ مرتبہ پڑھے ان شآءاللہ وہ ہر طرح کے شیطانی حملوں سے محفوظ رہے گا۔

☆ اگر کسی شخص کا مکان یا کوئی جائیداد ایسی جگہ پر ہو جہاں چوری وغیرہ کا خطرہ ہو تو روزانہ شام کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر اس جائیداد کی حفاظت کی دُعا کرے ان شآءاللہ مال و دولت چوری سے محفوظ رہے گا۔

☆ جب کوئی شخص سفر پر جائے تو گیارہ مرتبہ یہ دُعا پڑھ لے ان شآء اللہ حادثات سے محفوظ رہے گا اور خیر و عافیت سے منزل مقصود پر پہنچے گا۔

☆ والدین جب اپنے بچوں کو اسکول سے باہر کہیں بھیجیں تو یہ دُعا پڑھ کر انہیں رخصت کریں ان شآءاللہ وہ بحفاظت گھر واپس آئیں گے۔

☆ **یــــا رقیــب** کا وِرد خاص کر حفاظت حل کے لئے ہے۔ مال و اولاد کی حفاظت کے لئے بھی مجرب ہے' دشمنوں اور چوروں کے خطرات سے بھی محفوظ



رہے گا۔ جادو سے محفوظ رہنے' اہل وعیال کو اللہ کی حفاظت میں رکھنے' حمل کی حفاظت' سفر میں گمشدگی کی پریشانی سے بچنے کے لئے **یــا رقیــب** کثرت سے پڑھا جائے' ان شآءاللہ چیز مل جائے گی یا اس کا نعم البدل مل جائے گا۔

**اَلْمُجِیْبُ : قبول کرنے والا' پکارنے والے کو جواب دینے والا**

☆ ہر جائز دُعا قبول ہونے کے لئے **یــامجیب** ۲۲۰ مرتبہ روزانہ سوتے وقت پڑھنے کا معمول بنالے ان شآءاللہ اس کی ہر جائز دُعا قبول ہوگی۔

☆ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کی دُعاؤں کو سنتا اور قبول فرماتا ہے اس لئے اسے مجیب کہا جاتا ہے کیونکہ وہ ہر سائل کے سوال کا جواب دیتا ہے اور ہر پکارنے والے کی پکار کا جواب دیتا ہے اللہ تعالیٰ کا خود ارشاد ہے کہ وہ کون ہے جو پکارنے والے کی اضطرابی پکار کو قبول فرماتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مجیب ہے کہ وہ مظلوموں کی پکار کو سن کر اُن کے ظلم کا تدارک کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مجیب ہے کہ وہ دکھیوں کی صدا کو سن کر اُن کے دکھ کا ازالہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ مجیب ہے کہ جب کوئی پریشان حال اُسے مدد کے لئے بلاتا ہے تو وہ اس کی مدد فرما دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مجیب ہے کہ وہ اپنے ولیوں کو اپنا بنا کر ان کی ہر صدا پر لطف و کرم کا اظہار فرماتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مجیب ہے کہ وہ اپنے فقیروں کے اٹھے ہوئے ہاتھوں کی لاج رکھتا ہے اللہ تعالیٰ مجیب ہے کہ

وہ اس کی بھی سنتا ہے کہ جو اسے مانتا ہے اور اس کی بھی سنتا ہے جو اسے نہیں مانتا۔ اس لئے پہلے اسے 'مجیب' کہہ کر پکارو اور اپنے دل کی التجا کرو ان شآء اللہ قبول ہوگی

## اَلْوَاسِعُ: وسعت' کشادگی' فراخی دینے والا

☆ 'یا واسع' فراخی رزق کے لئے بہت اکسیر ہے۔
امام بونی نے شمس المعارف میں لکھا ہے کہ **یا واسع** کثرت سے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ خوب رزق عطا کرتا ہے' علم میں اضافہ کرتا ہے' عمر میں درازی کرتا ہے اس کے ہر کام میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے بے پناہ عزت حاصل ہوتی ہے۔

## اَلْحَکِیْمُ: حکمت والا

☆ علم کی زیادتی اور حکمت کے دروازے کھولنے کے لئے آدھی رات میں **یا حکیم** (۱۲۱) مرتبہ (۲۱) دن تک پڑھا جائے ان شآء اللہ کامیابی ہوگی اور ہر مصیبت سے بھی نجات ملے گی۔

اللہ تعالیٰ جسے حکمت یعنی دانائی عطا فرما دے' سمجھئے کہ اُسے بہت کچھ مل گیا' کیونکہ دانائی کی عطا' اللہ تعالیٰ کے خصوصی انعامات میں سے ہے اسی لئے قرآن حکیم میں حکمت کو خیر کثیر کہا گیا ہے لہذا جو شخص یہ چاہے کہ اسے حکمت ملے تو اُسے چاہئے کہ اس آیت کا وِرد کرے۔



﴿اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ﴾ بے شک اللہ تعالیٰ جاننے والا' حکمت والا ہے۔
حکیموں کے لئے مفید عمل: حکماء اور ڈاکٹروں کے لئے مندرجہ ذیل وظیفہ بہت مفید ہے جو حکیم یا ڈاکٹر اس وظیفہ کو گیارہ سو مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے گا اس میں امراض کو سمجھنے کی صلاحیت میں بہت زیادہ اضافہ ہو جائے گا اور اس کا تجویز کردہ علاج کامیاب ہوگا۔ اس کے علاوہ اسے پڑھنے سے خلاصی قید ہوگی۔ غربت اور تنگی دُور ہو جائے گی۔
'یَاحَکِیْمُ تَحَکَّمْتَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْحِکْمَۃُ فِیْ حِکْمَتِ حِکْمَتِکَ یَاحَکِیْمُ'

## اَلْوَدُوْدُ: دوستی کرنے والا' بہت محبت فرمانے والا

☆ جو شخص اللہ تعالیٰ کو اس اسم کے ذریعے 'یا ودودُ' پکارتا ہے اللہ تعالیٰ اُسے دنیا کی محبت کا مرکز بنا دیتا ہے۔
☆ ﴿وَھُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ﴾ اور وہ بخشنے والا' محبت کرنے والا ہے۔
یہ صالحین کا پسندیدہ وظیفہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ان بندوں کو اپنا محبوب بنا لیتا ہے جو روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ اس آیت کا وِرد کرتے ہیں اور جن لوگوں میں وہ رہتا ہوگا تمام لوگ اُسے چاہنے لگیں گے اور اُسے عزت کی نگاہ سے دیکھیں گے۔
☆ بعض رشتے اس امر کا تقاضہ کرتے ہیں کہ ان میں محبت ہو' ایک دوسرے کی



نافرمانی نہ ہو جیسے اولاد میں ماں باپ کی فرمانبرداری' بیوی میں شوہر کی اطاعت اور تابعداری' بہن بھائیوں میں خونی رشتے کے تقاضے سے آپس کی ہمدردی کا ہونا ضروری ہے اگر ان رشتوں میں آپس کی محبت یا الفت نہ ہو تو ایک رشتہ دوسرے کا جائز حق ادا نہ کرتا ہو تو **یا ودود** ۳۱۲۵ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھ کر دُعا کریں ان شآء اللہ حسب ضرورت آپس میں محبت پیدا ہو جائے گی۔ اگر پانی دم کر کے پلا دیں تو زیادہ بہتر ہے۔

## اَلْمَجِیْدُ: عزت و بزرگی والا

**یا مجید** پڑھنے سے تقویٰ اور پرہیزگاری کے خصائل پیدا ہوتے ہیں لہذا جو شخص اُسے بعد نماز فجر سو مرتبہ اور بعد نماز عشاء سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے تو وہ ہمیشہ کے لئے نیک خصلت اور نیک سیرت ہو جائے گا۔
☆ **یا مجید** بواسیر کے علاج کے لئے بہت بے نظیر ہے لہذا جو اس مرض میں مبتلا ہو اسے چاہئے کہ ایام بیض چاند کی ۱۳۔۱۴۔۱۵ کو روزے رکھے اور افطار کے وقت اس اسم کو کثرت سے پڑھے ان شآء اللہ بواسیر سے نجات مل جائے گی۔
☆ اگر کسی شخص کو برص (سفید دھبے) یا جذام (کوڑھ) ہو جائے تو وہ ایام بیض چاند کی ۱۳۔۱۴۔۱۵ کو روزے رکھے اور افطار کے بعد مسلسل **یا مجید**



کو نماز عشاء تک پڑھتا رہے ان شآء اللہ تین دن میں اس کا اثر دیکھ لے گا۔
☆ جس شخص کی پسلی میں دَرد ہوتا ہو' ایک ہزار مرتبہ **یامجید** کو پڑھ کر روٹی کے اوپر دم کر کے روٹی دَرد والی جگہ پر بندھیں ان شآء اللہ' اللہ تعالیٰ کی رحمت سے درد ختم ہو جائے گا اور مریض کو فائدہ ہوگا۔

## اَلْبَاعِثُ: قبر سے اٹھانے والا

☆ اللہ تعالیٰ کو اس صفت سے **یاباعث** پکارنے والا زندہ دل ہو جاتا ہے۔
☆ اگر کسی کا کوئی بچہ گم ہو جائے تو اس صورت میں **یاباعث** سوا لاکھ مرتبہ گن کر پڑھیں ان شآء اللہ پتہ چل جائے گا اور وہ بخیریت اپنے گھر کسی ذریعہ سے آ جائے گا اور اس وقت تک پڑھتا رہے جب تک کہ گمشدہ مل نہ جائے۔
☆ یہ وظیفہ پریشانی' پست ہمتی اور بے چینی دور کرنے کے لئے بھی بڑا اکسیر ہے۔ جو شخص اسے کسی پریشانی اور سختی میں روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے اور چالیس دن تک عمل جاری رکھے ان شآء اللہ اس کی پریشانی ختم ہو جائے گی۔

## اَلشَّھِیْدُ موجود' حاضر' مشاہدہ کرنے والا

☆ گواہوں کو اپنے حق میں کرنے' مقدمہ میں کامیابی' تہمت میں بری ثابت ہونے' نافرمان اولاد کو تابع کرنے' شدت مرض میں بیہوشی کے علاج کے لئے'

مرتبہ شہادت پانے' بُرے خصائل سے بچنے کے لئے' **یا شهيد يا الله** ' کوایک ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔

## اَلْحَق : ثابت کرنے والا

☆ مقدمہ میں کامیابی' قید سے رہائی' چوری شدہ مال کی واپسی' اطاعت الٰہی میں ثابت قدمی' اپیل میں کامیابی اور اپنا حق پانے کے لئے '**یا حق** ' کثرت سے پڑھے ان شآء اللہ مقاصد میں کامیابی ہوگی۔

## اَلْوَكِيْلُ : کارساز' نگہبان

☆ ہر خوف سے محفوظ رہنے' حصول حاجات' وسعت رزق' بگڑے ہوئے کام کے درست ہونے' قید سے رہائی' قرض کی ادائیگی ...... کے لئے **یاوکیل** کا کثرت سے ورد کرے ان شآء اللہ سارے کام درست ہو جائے گا۔

## اَلْقَوِيُّ: طاقتور

﴿اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا﴾(البقرۃ/۱۶۵) ساری قوتوں کا مالک اللہ تعالیٰ ہے

﴿اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَاب﴾(انفال/۵۲) بیشک اللہ تعالیٰ قوت والا سخت عذاب دینے والا ہے

﴿اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ﴾(الحج/۴۰) یقیناً اللہ تعالیٰ قوت والا (اور)



سب پر غالب ہے

☆ جو شخص آیات مبارکہ اور **یَاَ قَوِيُّ** کو کثرت سے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اُسے بے پناہ قوت عطا فرمادے گا اس لئے اس کا ورد حصول قوت کے لئے بے نظیر ہے

☆ حاملہ عورت کی کمزوری دور کرنے اور مردانہ کمزوری کے علاج کے لئے '**يَـاَ قَـوِيُّ** ' کا وظیفہ بہت مؤثر ہے ان شآء اللہ اس کے جسم کی طاقت بحال ہو جائے گی اور جو خوراک وہ کھائیں گے وہ جسم کے لیے بہت مفید ثابت ہوگی۔

## اَلْمَتِيْنُ : بہت مضبوط' قوت والا

☆ چلنے کی قوت میں اضافہ کے لئے' ارادے میں مضبوطی حاصل کرنے کے لئے' مشکل کام میں سہولت کے لئے' کسی کو مہربان کرنے کے لئے' بچہ ہونے کے بعد اگر کسی عورت کو دودھ نہ آئے یا کسی مرحلے پر بچے کو پلانے کے لئے دودھ کم ہو تو پورا ہو جانے کے لئے اور بچے کو دودھ چھڑانے کے لئے بھی **یامتین** کا وظیفہ بہت مجرب ہے۔

## اَلْوَلِيُّ : دوست' مددگار

☆ جو بندہ اُسے اس صفت سے '**یـا ولـی** ' پکارتا ہے وہ اُسے اپنا دوست اور کارساز بنالیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دوستی کے لئے یہ اسم نہایت ہی مجرب ہے



لہذا جو شخص اس اسم کو روزانہ ۴۶۰۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ زندگی کے ہر شعبے میں اس کی مدد فرمائے گا اور جس معاملے میں اس کا کوئی کام نہ ہوتا ہو اس اسم کی برکت سے فوراً کام کی تدبیر نکل آئے گی۔ امام بونی کا قول ہے کہ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے سے ولایت نصیب ہوگی۔

☆ کشف القلوب' سخت مزاج افسروں کو نرم کرنے' میاں بیوی میں موافقت کے لئے **یـــاولـــی** (۴۰) دن تک کثرت سے پڑھیں ان شآء اللہ حالات درست ہو جائیں گے۔

## اَلْحَمِيْدُ : تعریف کیا ہوا

☆ اخلاق حمیدہ پیدا کرنے' طبیعت کو نیکی پر مائل کرنے اور بُری عادات چھڑانے' شریر' بدچلن اور نافرمان اولاد کو راہ ہدایت پر لانے کے لئے (۴۰) دن تک **یـاحمید** پڑھا جائے' دم شدہ پانی پلائیں' ان شآء اللہ جلد ہی اخلاق اچھے ہو جائیں گے۔

## اَلْمُحْصِيُ : گھیرنے والا

قوت حافظہ میں زیادتی کے لئے (۴۱) دن تک **یـامـحصی** (۱۴۸۰) مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کر کے پلائیں۔ روحانی امراض (حسد' کبر' بغض' غضب' بخل'



خودنمائی' غصہ) کے لئے (۴۰) دن تک (۳۱۲۵) مرتبہ۔ عذاب قبر سے نجات کے لئے **یـامـحصی** کو شب جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے۔ شیطانی حملوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ میں رہنے کے لئے **یـامحصی** صبح کی نماز کے بعد روزانہ (۱۰) مرتبہ پڑھے۔

## اَلْمُبْدِئُ : پیدائش کی ابتداء کرنے والا

تعمیری کام میں رکاوٹ دُور کرنے' حمل کی حفاظت' کمزور مریض میں قوت پیدا ہونے' فرزند صالح پیدا ہونے اور روحانی انکشافات کے لئے **یَـامُبْـدِئُ** روزانہ (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھتے رہیں ان شآء اللہ سب ٹھیک ہوں گے۔

## اَلْمُعِيْدُ: دوبارہ پیدا کرنے والا

☆ اللہ تعالیٰ کو اس صفت سے '**یـا معید** ' پکارنے سے ہر ایسا کام جس کا تعلق لوٹنے سے ہوگا فوراً ہوگا۔

گمشدہ چیز کے ملنے' رُکے ہوئے کام یا ٹھیکہ کو جاری کرنے' شادی کے دوبارہ ہونے' غائب اور بھاگے ہوئے کو واپس لانے' پیدائش میں آسانی' کھوئے ہوئے مقام کی بحالی' نسیان یعنی بھول چوک اور بیماری سے شفا کے لئے '**یـا معید** ' کا ورد بے حد مجرب ہے روزانہ کم از کم پانچ ہزار مرتبہ پڑھتے رہیں۔

**اَلْـمُـحْـيِـىُ** : زندہ کرنے والا، جسموں کو جان سے اور جان کو ایمان سے، انسان کو علم و معرفتِ رحمان سے، زمین کو سبزوں سے زندگی بخشتا ہے۔

علاج شوگر : شوگر ایک ایسا مرض ہے کہ جس میں انسان اندر ہی سے کھوکھلا ہو جاتا ہے کیونکہ لبلبہ کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو '**یا محیی**' کی صفت سے پکارنے کی وجہ سے لبلبہ میں اللہ تعالیٰ دوبارہ قوت پیدا کر دیتا ہے اور وہ پھر کام کرنے لگتا ہے لہذا شوگر کے مریضوں کو 'یا محیی' کا ورد بہت اچھا ہے۔
شوگر کے مریض کو چاہئے کہ اس اسم کو روزانہ ۶۲۵۰ مرتبہ ۸۰ دن تک پڑھے۔

علاج یرقان : یرقان کا مرض جگر کی خرابی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ جگر ہمارے جسم کا ایک اہم حصہ ہے۔ یرقان ہونے کی صورت میں ایک تو اس کا طبی علاج کروائیں اور اس کے ساتھ یرقان کے مریض کو روزانہ ۱۰۰ مرتبہ یہ اسم '**یا محیی**' پڑھ کر پانی پر دم کر کے دیں اور گیارہ روز تک پلائیں ان شآء اللہ یرقان دور ہوگا۔

دل کی گھبراہٹ کا علاج : جس کا دل گھبراتا ہو اور ہر وقت پریشانی رہتی ہو اور اس پر مردانگی چھائی رہتی ہو اسے چاہئے کہ '**یا محیی**' روزانہ ۳۰۰ مرتبہ پڑھے یا اسے کوئی یہ اسم پڑھ کر پانی دم کر کے پلائے اور سات دن تک یہ عمل کریں ان شآء اللہ دل کی گھبراہٹ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گی۔



**اَلْمُمِیْتُ**: مارنے والا

☆ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ جو شخص سوتے وقت اپنے دونوں ہاتھوں کو سینے پر رکھ کر ۴۹۰ مرتبہ **یاممیت** پڑھے اور یہ عمل ۴۱ روز تک کرے ان شآء اللہ اسکا نفس مطیع ہو جائے گا۔

☆ دشمنانِ دین سے بچاؤ، جادو کا اثر زائل کرنے، بچے کو نظر بد سے بچانے کے لئے **یاممیت** کا وظیفہ بہت مفید ہے۔

**اَلْحَیُّ** : زندہ

یہ وظیفہ قضائے حاجات، مردہ دل کو زندہ کرنے اور حصول صحت کے لئے بہت مجرب ہے۔ اگر کوئی بیمار شخص ہو اُسے روزانہ ۱۴۱ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے گیارہ روز تک پیئے تو وہ تندرست ہو جائے گا کیونکہ یہ وظیفہ ہر قسم کی بیماری کے لئے بہت اکسیر ہے۔ خاص طور پر شوگر، بلڈ پریشر اور فالج میں اسے تین ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں یا گیارہ ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کر کے گیارہ دن تک مریض کو پلائیں ان شآء اللہ اس کی طبیعت بہتر رہے گی۔

جو شخص اس وظیفہ کو روزانہ سات ہزار مرتبہ ۷۵ دن تک پڑھے گا وہ اللہ کی عجائبات کا رُوحانی مشاہدہ کرے گا۔ اس کی تنگدستی دور ہو جائے گی۔ خدا کے



فضل سے اس کی عمر دراز ہوگی ہر طرح کا رنج و غم دور ہوگا۔ '**یَـاحَیُّ حِیْـنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْـمُـوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ یَاحَیُّ**' (اے ہمیشہ زندہ رہنے والے! تیری بادشاہت میں تیرے سوا کوئی زندہ اور باقی رہنے والا نہیں، اے زندہ!)

**اَلْقَیُّوْمُ**: قائم رکھنے والا

☆ **اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ** اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں۔ وہ زندہ اور قائم ہے۔

یہ وظیفہ اسم اعظم ہے اور اکثر اولیاء کا وِرد ہے اس کے پڑھنے سے ہر نعمت حاصل ہو جاتی ہے اور ہر مصیبت میں یہ وظیفہ کارساز ہے۔ ترقی کاروبار، قضائے حاجات، حصول مرادات اور مقدمات میں کامیابی کے لئے بہت مجرب ہے۔

**اَلْوَاجِدُ**: پانے والا

☆ '**یاواجد**' میں اضافہ رزق کے اثرات زیادہ ہیں اس لئے جو شخص تنگی رزق سے دوچار رہتا ہو، اسے چاہئے کہ '**یاواجد**' روزانہ ۲۱۰۰ مرتبہ پڑھنا شروع کر دے اور ایک سال تک مسلسل اسے پڑھتا رہے ان شآء اللہ اس کے رزق میں اضافہ ہو جائے گا۔



**اَلْمَاجِدُ**: بزرگی والا، عزت والا

☆ جو شخص اللہ تعالیٰ کو اس نام سے '**یا ماجد**' پکارتا ہے اللہ تعالیٰ اُسے ہمیشہ کے لئے باعزت کر دیتا ہے۔

☆ کفار و مشرکین پر ڈھاک بٹھانے کے لئے یا ظالم کو مرعوب کرنے کے لئے بے حد مجرب ہے۔ '**یا ماجد**' کی کثرت سے حال طاری ہوگا نور عرفان بھی حاصل ہوگا۔

**اَلْوَاحِدُ**: ایک، کامل وجود و ہستی والا

☆ اچھی صلاحیتوں کے پیدا ہونے، بیٹا حاصل ہونے، گندے خیالات سے محفوظ رہنے، قلبی صفائی اور بلاؤں سے حفاظت کے لئے '**الواحد**' کثرت سے پڑھنا چاہئے۔

**اَلْاَحَدُ**: یکتا و یگانہ

☆ **یا احد** پڑھنے سے وحشت دور ہوگی اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل ہوگی بعض علماء نے اس کو بھی اسم اعظم بتایا ہے بوقت ضرورت کثرت سے اس کا وظیفہ کریں۔ اللہ تعالیٰ کا خوف پیدا کرنے، نفسانی خواہشات اور شہوات کے علاج کے لئے، اللہ تعالیٰ سے محبت، عذاب قبر سے بچنے، سخت مہم کے حل کرنے، بیماری سے شفا،

سانپ کا زہر زائل کرنے کے لئے 'یا احد' کا ورد بہت مجرب ہے۔

**اَلصَّمَدُ: بے نیاز**

☆ **اللہ الصمد** پڑھنے سے انسان مخلوقِ خدا سے بے نیاز ہو جاتا ہے اور دین و دنیا سے مالا مال ہو جاتا ہے۔ کاروبار میں خیر و برکت' سکونِ قلب' وسعت رزق کے لئے روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔

**القادر: طاقت والا۔قدرت والا**

☆ '**یا قادر**' کثرت سے پڑھنے والا اپنے نفس پر قادر ہو جاتا ہے یعنی اس کا نفس پوری طرح اس کے قبضہ میں آ جاتا ہے اور اس طرح اپنی خواہشات نفس پر قابو پانے کے بعد قادر مطلق کی اطاعت میں آ جاتا ہے۔ مشکل سے مشکل کام آسانی سے ہو جاتا ہے' دشمن اور ظالم سے بچنے اور ہر حال میں اللہ کی مدد کے حصول کے لئے بہت مفید ہے۔

**اَلْمُقْتَدِرُ: صاحبِ قدرت واقتدار**

☆ صبح بیدار ہوتے ہی **یا مقتدر** پڑھ لیا کرے تو دن بھر کے تمام اچھے کام آسان ہو جائیں گے عبادت کا شوق پیدا ہوگا غفلت دور ہوگی۔

مشکل سے مشکل کام کے حل ہونے' دشمن اور ظالم پر غلبہ پانے' صاحب اقتدار



بننے اور ہر مرض سے شفاء کے لئے **یا مقتدر** کا وِرد اکسیر ہے۔

**اَلْمُقَدِّمُ: آگے کرنے والا' بڑھانے والا**

☆ جو شخص '**یا مقدم**' کثرت سے پڑھے گا اس میں نیک کام کرنے کی خصلت پیدا ہو جائے گی دینی فرائض ہمیشہ اول وقت پر ادا کرنے کی کوشش کرے گا۔

☆ تنہائی میں ڈر لگتا ہو تو **یا مقدم** پڑھتا رہے بےخوف ہوگا اور ہر اذیت و بلا سے محفوظ رہے گا۔ اگر میدان جنگ ہو تو زخمی نہ ہوگا دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

**اَلْمُؤَخِّرُ: پیچھے کرنے والا' اپنی رحمت سے دور کرنے والا**

☆ '**یامؤخر**' کی خصوصیت یہ ہے کہ اسے پڑھنے والے سے برائی دور ہوتی چلی جاتی ہے اور اس کا دل نیک کاموں کی طرف رغبت کرنے لگتا ہے' اللہ تعالیٰ اس سے گناہوں کو دُور کر دیتا ہے۔ "**یامؤخر**' کا پڑھنے والا ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی تلاش میں رہتا ہے اور انہیں دل سے چاہتا ہے اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے دور رہنے کی کوشش کرتا ہے۔

☆ "**یامؤخر**' کا پڑھنا نیک بننے' مشکل کام میں آسانی' نفس کو راہ راست پر رکھنے' توفیقِ توبہ' مایوس مریضوں کے علاج کے لئے بہت مفید ہے۔ ایسا دشمن یا ظالم جسے دور کرنا ضروری ہو تو اُسے دور کرنے کی غرض سے '**یامؤخر** کا وظیفہ



پڑھیں ان شآء اللہ دشمن خود بخود پیچھے ہٹ جاتا ہے۔

**اَلْاَوَّلُ: سب سے پہلے**

☆ **یــــا اول** کے وِرد سے نیکی میں انسان اول ہو جاتا ہے' اللہ تعالیٰ کی رضا کے کاموں میں سب سے مقدم ہو جاتا ہے' ہر عبادت کو اول وقت میں بجا لانے کا عادی ہو جاتا ہے۔ اولاد نرینہ پیدا ہونے' امیر ہونے' اولیت حاصل کرنے' نماز اور نیکی میں دل لگنے' ہر حاجت پوری ہونے' اللہ تعالیٰ کی محبت اور اعصابی بیماریوں مثلاً بےخوابی' ورمِ دماغ' رعشہ' فالج اور لقوہ جیسی بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

**اَلْاٰخِرُ: سب سے آخر میں رہنے والا**

☆ '**یا آخر**' پڑھنے والا نیک اور عابد بن جاتا ہے اس کے دل میں ہمیشہ یہی بات تقویت پاتی ہے کہ جتنی بھی عمر ہو اس میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کی جائے کسی دم بھی یادِ الٰہی سے غافل نہ رہ جائے۔ مادی محبت کے خاتمہ' خاتمہ بالخیر' سفر میں سلامتی' حصول عزت' دشمن پر غلبے کے لئے '**یا آخر**' پڑھتے رہیں۔ یہ اسم یرقان کے علاج کے لئے بھی بہت مفید ہے۔

**اَلظَّاهِرُ: سب سے ظاہر۔کھلا ہوا**



☆ **یاظاھر** کے پڑھنے والے کا ظاہر ہر لحاظ سے درست ہو جاتا ہے کردار میں عظمت اور عزت پیدا ہو جاتی ہے۔ ہمیشہ آنکھوں کا نور قائم رہنے' حفاظت مکان' پوشیدہ چیز کے ظاہر ہو جانے' ظاہر اور باطن کو درست کرنے کے لئے **یا ظاھر یاباطن** کو اکٹھا ملا کر روزانہ سات ہزار مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل بہت مفید ہے۔

**اَلْبَاطِنُ: سب سے پوشیدہ**

☆ اگر کسی شخص کے دل میں بُرے وسوسے پیدا ہوں تو **یا باطن** ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھ لیا کرے' گندے خیالات دل سے نکل جائیں گے۔

**اَلْوَالِیُ: کارساز اور مالک**

☆ جب اللہ تعالیٰ کو اس اسم '**یا والی**' سے پکارتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اُن کی مدد کرتا ہے۔ مکان اور جائیداد کی حفاظت' ویران جگہ کو آباد کرنے' نوکری کی بحالی اور امراض کے علاج کے لئے **یا اللہ یا والی** گیارہ سو مرتبہ روزانہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے شفایابی کی دُعا کرے ان شآء اللہ' اللہ تعالیٰ اس کی بیماریوں کو دُور کر دے گا اور وہ تندرست و توانا ہو جائے گا۔

**اَلْمُتَعَالِیُ: سب سے اُونچا**

☆ مشکل میں آسانی، مقدمے سے نجات، شادی کا پیغام ملنے، قضائے حاجت، صاحبِ عزت رہنے کے لئے **یامتعالی** پڑھتے رہیں۔

## اَلْبِرُّ: نیکوکار

☆ جو شخص **یــابــر** کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اسے زندگی کے ہر شعبے میں نیک اعمال کرنے کی توفیق عطا فرما دیتا ہے۔ نظرِ بد سے حفاظت، بُری عادتوں کا علاج اور آفتوں سے بچنے کا عمل ہے۔

## اَلتَّوَّابُ: توبہ قبول کرنے والا

☆ نماز چاشت کے بعد جو شخص **یــاتــواب** تین سو ساٹھ مرتبہ پڑے گا اس کو سچی توبہ نصیب ہوگی خاتمہ بالخیر ہوگا ظالم پر پڑھیں تو ہلاک ہو جائے گا۔

## اَلْمُنْتَقِمُ: بدلہ وانتقام لینے والا

☆ اگر کوئی نیک انسان دوسروں کے ظلم سے تنگ آ کر اللہ تعالیٰ کو اس صفت سے پکارے تو اللہ تعالیٰ ظالموں سے اس پر ظلم کا بدلہ لیتا ہے اس لئے اس اسم '**یــامنتقم**' کا وِرد صرف اس صورت میں کرنا چاہئے جب کہ بات حد سے گزر جائے۔ جھوٹی تہمت کا بدلہ لینے اور دشمن سے محفوظ رہنے کے لئے بھی اس کا

عمل بہت مجرب ہے۔

## اَلْعَفُوُّ: معاف کرنے والا

'**یــاعــفــو یــا غفور**' کہنے سے اللہ تعالیٰ بہت ہی مہربان ہوتا ہے اور ہر قسم کے گناہ فوراً معاف کر دیتا ہے۔ گناہوں کی معافی، خاوند کے مزاج کو نرم کرنے، مرض کی شدت میں کمی اور ہر قسم کی تنگی کے حل کرنے کے لئے (۴۱) دن تک (۱۱۰۰۰) مرتبہ '**یاعفو یا غفور**' پڑھے۔

## الرؤف: مشقت اور مصیبتوں کا دُور کرنے والا

☆ جو شخص **یــــــارؤف** کہہ کر پکارتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر اپنی مہربانیوں کے دروازے کھول دیتا ہے۔ ظالم حاکم کو نرم کرنے اور مزاج کی درستگی کے لئے یہ وظیفہ مؤثر ہے۔

## مَالِكَ الْمُلْكِ: ملک کا مالک، کائنات کی ہر چیز کا حقیقی مالک

☆ نماز فجر کے بعد جو شخص ایک سو مرتبہ **یَـامَـالِكَ الْمُلْكِ** پڑھ لے تو نحوست دُور ہوگی تونگری بے حساب آئے گی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کو **یَـامَـالِكَ الْـمُلْك** پکارتا ہے اللہ تعالیٰ اُسے صاحب ملک یعنی دنیاوی اسباب اور ذرائع کا مجازی مالک بنا دیتا ہے اور ہر لحاظ سے وہ صاحب عزت ہو جاتا ہے۔



## ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ: عظمت وبُزرگی والا، غضب وکرم والا

☆ **ذُوالْـجَلَالِ وَالْاِکْـرَام** کو ہمیشہ پڑھنے والا دنیا میں باعزت اور خوش بخت ہو جاتا ہے ہر کام میں ترقی اور عظمت پیدا ہوتی ہے لوگ اس کی تواضع اور تعظیم کرتے ہیں لہٰذا جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اُس کو دین و دنیا میں سعادت مندی حاصل ہو تو وہ اس اسم کو بکثرت بلا ناغہ پڑھے۔

## اَلْمُقْسِطُ: انصاف کرنے والا

☆ اگر کسی کو صحیح عدل کی ضرورت ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کو **یـــامـقسـط** کہہ کر پکارے ان شآء اللہ اُسے صحیح انصاف ملے گا۔

## اَلْجَامِعُ: جمع کرنے والا

☆ جو شخص **یــاجــامع** کا وظیفہ ہمیشہ پڑھتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو اچھے دوست احباب عطا فرمائے گا۔ اگر کسی کے اہل وعیال جدا ہو گئے ہوں تو اتوار کے دن صبح غسل کرے اور **یــاجــامع** پڑھ کر ایک ایک انگلی بند کرتا جائے اور آسمان کی طرف دیکھتا رہے جب دس انگلیاں بند ہو جائیں تو ہاتھ منہ پر پھیرے۔

☆ گم شدہ چیز کو حاصل کرنے کے لئے پڑھے **اَللّٰهُمَّ يَا جَامِعَ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّارَيْبَ فِيْهِ اِجْمَعْ ضَآلَّتِیْ**۔

## اَلْغَنِیُّ: بے پرواہ، بے نیاز

☆ اگر کوئی شخص کسی مصیبت یا بلا میں گرفتار ہو جائے یا مرض میں مبتلا ہو تو '**یــاغــنــی**' ستر مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرے اور تمام بدن کا مسح کرے۔ ترقی دکان، آمدن میں برکت، غربت دور کرنے، غیب سے مالدار ہونے کے لئے بھی بہت مجرب ہے۔

## اَلْمُغْنِیُّ: بے پرواہ و بے نیاز کرنے والا

☆ **یامغنی** مسلسل پڑھا جائے تو مخلوق سے بے نیازی حاصل ہوگی۔ اگر صبح وشام سوسو مرتبہ پڑھیں تو ظاہر و باطن کی دولت حاصل ہوگی۔

## اَلْمُعْطِیُ: دینے والا

☆ دُعا کے وقت **یامعطی السائلین** کے وِرد سے دُعا قبول ہوگی، غنا حاصل ہوگا، مخلوق سے بے نیازی ہوگی، طبیعت میں سخاوت پیدا ہوگی۔

## اَلْمَانِعُ: روکنے والا، جسے جو چاہے نہ دے

☆ اللہ تعالیٰ ہر تکلیف اور نقصان دہ چیز کو روک سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو جو اس صفاتی نام سے **یــامانع** پکارتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے ہر قسم کی نقصان دہ چیزوں

کو دور کر دیتا ہے اور ہر لحاظ سے اسے اپنی حفاظت میں لے لیتا ہے۔

## اَلضَّارُّ : نقصان کا مالک

☆ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کو نیچا دکھانے کے لئے یہ اسم بہت مفید ہے جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کی مخالفت کرتا ہوا اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کے بندوں کو اذیت پہنچانے پر تلا ہوا ہو تو اس صوت میں اس اسم کا ورد دشمن کو زیر کر دیتا ہے اگر کسی کو مال عزت، اہل وعیال یا کاروبار میں کسی ضرر یعنی نقصان کے پہنچنے کا خدشہ ہو تو اسے چاہئے کہ سات دن تک بعد نماز عصر **یــا ضــار** ۱۴۱۴ مرتبہ پڑھے ان شآء اللہ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

## اَلنَّافِعُ : نفع پہنچانے والا

☆ جو شخص '**یا نافع**' کہہ کر پکارے گا اللہ تعالیٰ اس کو ضرور نفع پہنچائے گا۔

## اَلنُّوْرُ : روشنی کرنے والا

☆ **یــا نور** پکارنے والے کا ظاہر اور باطن اللہ تعالیٰ کے نور سے روشن ہو جاتا ہے راہ معرفت تلاش کرنے والوں کے لئے بنیادی طور پر یہ وظیفہ بہت کار آمد ہے۔

## اَلْهَادِیُّ : ہدایت دینے والا

☆ جو شخص اللہ تعالیٰ کو **یــا ھــادی** پکارتا ہے اللہ تعالیٰ اُسے راہ حق کی طرف ہدایت دیتا ہے۔ راہ ہدایت پر قائم رکھنے، عمل صالح کی توفیق، بدکردار کو راہ راست پر لانے، زیادہ رونے والے بچوں کا علاج، سفر میں پریشانی سے بچنے، سچا فیصلہ کرنے کے لئے '**یــا ھــادی**' بہت ہی مؤثر ہے۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد دُعا سے پہلے ۱۲ مرتبہ پڑھے تو اس کے ہر ظاہری و باطنی کام میں بھلائی ہوگی اور اس کا ہر کام درست رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی عقل میں ایسا تدبر عطا فرما دیگا کہ اس کا ہر کام احسن طریقے سے سرانجام پائے گا۔

## اَلْبَدِیْعُ : بغیر نمونہ ومثال کے پیدا کرنے والا

☆ اللہ تعالیٰ کو '**یــا بــدیــع**' پکارنے والے پر اللہ تعالیٰ کی قدرت کے عجائبات اسرار کھلتے ہیں اور خاص کر اگر کوئی شخص مادی طور پر نئی چیز بنا رہا ہو لیکن اس سے کوشش کے باوجود بن نہ رہی ہو تو اس وظیفہ کو پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اس کی خصوصی مدد فرما کر اس چیز کے بننے کو پایہ تکمیل تک پہنچا دیتا ہے۔

☆ کوئی غم یا مصیبت یا کوئی مہم درپیش ہو تو بارہ روز تک بعد نماز عشاء بارہ سو مرتبہ **یـابدیع العجائب بالغیر یابدیع** پڑھے ان شآء اللہ تمام مقاصد میں کامیابی ہوگی۔ استخارہ کرنا ہو تو سوتے وقت پڑھ کر بغیر کسی سے بات کئے سو



جائے خواب میں صحیح بات معلوم ہو جائے گی۔

## اَلْبَاقِیُ : ہمیشہ رہنے والا، دائم الوجود

☆ بعد نماز فجر جو شخص **یا باقی** ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا صدقہ جاریہ کرنے کی توفیق ہوگی دولت کبھی ختم نہ ہوگی۔ بقائے اقتدار، کاروبار کو تباہی سے بچانے، قوت حافظہ کو تیز رکھنے کے لئے **یــا بــاقی** پڑھے۔

☆ جس شخص کی صحت اکثر خراب ہو تو اُسے چاہئے کہ وہ **اَللّٰہُ شَافِیْ اَللّٰہُ بَاقِیْ** کا ورد اپنی زبان پر اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے رکھے ان شآء اللہ اس کی صحت بحال رہے گی۔ اگر کوئی اسی وظیفہ کو ہر نماز کے بعد چند بار پڑھنے کا معمول بنالے تو اس پر بیماری بہت کم حملہ کرے گی اور مرتے دم تک پڑھنے والا تندرست وتوانا رہے گا۔

## اَلْوَارِثُ : مالک، وارث

حصول اولاد کا وظیفہ : ﴿رَبِّ لَاتَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ﴾ اے میرے پروردگار مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو وارثوں سے بہتر ہے۔ یہ دُعا حصول اولاد کے لئے نہایت ہی مفید ہے یہ دُعا حضرت زکریا علیہ السلام نے مانگی تھی اللہ تعالیٰ نے ان کو بڑھاپے میں حضرت یحییٰ علیہ السلام عنایت فرمایا۔

منصب اور بلندی درجات، مقدمہ وراثت میں کامیابی، مالی نقصان سے حفاظت، مالی پریشانی کے حل، درازی عمر، اضافہ رزق اور خیر وبرکت کے لئے یہ دعا پڑھتے رہیں۔

## اَلرَّشِیْدُ : سیدھی تدبیر والا، ہدایت دینے والا

☆ جسے صحیح ہدایت کی طلب ہو تو وہ '**یــا رشیــد**' پکارے ان شآء اللہ اُسے سیدھی راہ مل جائے گی۔

☆ مہمات میں کامیابی کا عمل : اگر کوئی شخص بعد نماز مغرب ۱۰۰۰ مرتبہ **یــا رشید** پڑھے تو اس کا ہر کام آسانی سے سرانجام پائے گا۔

## اَلصَّبُوْرُ : صبر والا

☆ جو شخص '**یا صبور**' زیادہ سے زیادہ پڑھنے لگے اُس میں صبر کرنے کی قوت بڑھ جاتی ہے وہ سخت سے سخت مصیبت میں صابر ہو جاتا ہے۔ خاوند کی بدزبانی، حاکم کو نرم کرنے، بے صبری اور عظیم صدمے کا علاج ہے۔

☆ جس شخص کو کوئی رنج یا مصیبت درپیش ہو تو اسے چاہئے کہ **یــا صبــور** روزانہ ۲۹۶ مرتبہ ۱۱ دن تک پڑھے یا کوئی اور پڑھ کر پانی دم کر کے مصیبت زدہ کو پلائے ان شآء اللہ مصیبت ٹل جائے گی اور خوشی میسر ہوگی۔